روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
بانی
علی ہادی کوثر
معاون وکلاء
پاکپتن
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر

# اشاعت خاص



تحریر، روحیل اکبر



## ڈپٹی کمشنر آصف رضا

# "برساتی پانی کی فوری نکاسی ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے"

ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ مون سون بارشوں کے دوران شہریوں کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی، برساتی پانی کی فوری نکاسی اور معمولاتِ زندگی کی بلاتعطل بحالی ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نکاسی آب کے عمل میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ ادارے فیلڈ میں مکمل طور پر متحرک رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بارش کے دوران شہر بھر کے ہنگامی دورے اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مینیجنگ ڈائریکٹر واسا عاشق علی جاوید، چیف آفیسر ضلع کونسل جاوید اسلم اور متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر ایم ڈی واسا کا شہر کے مختلف نشیبی علاقوں، اہم شاہراہوں اور ڈسپوزل ورکس کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ تمام دستیاب مشینری اور افرادی قوت کو بروئے کار لا کر برساتی پانی کی فوری نکاسی یقینی بنائی جائے۔ انہیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہر کے پانچوں ڈسپوزل ورکس مکمل طور پر آپریشنل ہیں جبکہ واسا اور ضلع کونسل کی ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں موجود رہ کر نکاسی آب کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے ہدایت کی کہ بارش کے دوران اور بعد ازاں نکاسی آب کی صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ ہنگامی بنیادوں پر فرائض انجام دیں اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔





## نکاسی آب کے عمل میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی

### آصف رضا کی ہدایت



- تمام متعلقہ ادارے الرٹ رہیں اور فیلڈ میں فعال کردار ادا کریں
- نشیبی علاقوں، بازاروں اور اہم شاہراہوں سے پانی کی نکاسی ہر صورت یقینی بنائی جائے
- لاپرواہی یا کوتاہی برتنے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی
- عوام کو کسی بھی پریشانی کی صورت میں ضلعی انتظامیہ سے فوری رابطہ کرنے کی ہدایت

**ضلعی انتظامیہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے**

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200